ادارہ



تعارف وتبصرہ کتب

کتاب: خطبات ومواعظ جمعہ مرتب: مولانا حافظ مشتاق احمد عباسی

ضخامت:۱۰۷صفحات قیمت: ۳۰۰ روپے ناشر: ادارہ صدیقیہ گارڈن ویسٹ کراچی

جمعہ اسلامی ایام میں انتہائی اہمیت کا حامل دن ہے۔ارشاد ربانی ہے:

اذا نودی للصلوۃ من یوم الجمعۃ فاسعوا الی ذکر اللہ وذروا البیع (الآیۃ)

اسی اہمیت کے پیش نظرایک مسلمان جمعہ کی صبح ہی سے اس کوشش میں ہوتا ہے کہ امورضروریہ سے جلداز جلدفراغت پا کر جمعہ کی تیاری میں مصروف ہوجاؤں۔ جمعہ میں نماز کی طرح خطبہ بھی انتہائی اہم ہے۔خطبہ جمعہ دینے سے پہلے خطیب حضرات موقع اوروقت کی مناسبت سے وعظ تذکیراور تلقین بھی فرماتے ہیں اور یہ طریقہ متوارث چلا آرہاہے جس میں تصحیح عقائدترغیب الی الاعمال اور باہمی معاشرت کے بارے میں بیانات ہوتے ہیں‘زیرتبصرہ کتاب مرتب زیدمجدہ نے خطباء وائمہ کی سہولت کے پیش نظر ہر جمعہ کے لئے مستقل عنوان پر بیان مرتب کیا ہےاور یہ تمام بیانات متنوع ہیں‘ صرف ایک ہی موضوع تک محدودنہیں تاکہ سامعین حضرات ہرقسم کے موضوعات سے مستفید ہوں۔کتاب کی چند خصوصیات یہ ہیں:(۱) عربی خطبہ نہایت مختصر رکھا گیا ہےاوراس میں عنوان مقررہ پر بطوردلائل آیات واحادیث ذکر کی ہیں۔(۲) ہرماہ کے پانچ خطبات لکھے گئے ہیں تاکہ کسی الٹ پھیر میں قارئین کوجتلانہ ہوناپڑے۔(۳) مضامین باہمی ارتباط کا بھی لحاظ رکھا گیا ہے۔(۴) سال بھرکےاردو مواعظ میں تمام ضروریات دین کوایسےانداز میں جمع کیا گیا ہے‘ کہ اگرایک ناواقف خطبہ کے مضامین یادرکھ لےتوایک حدتک وہ تمام ضروری امور کے واقف ہوجائے گااورتمام غلط عقائدورسومات کی بھی اصلاح ہوگی۔(۵) ہرامراور نہی کی حکمت ومصلحت (فلسفہ) عقلی طور پر بھی واضح کی گئی ہے۔(۶)اسلامی تہذیب معاشرت کا اکثرحصہ ان خطبات میں آگیا ہےاور باہمی معاشرت کے حقوق بھی قدرے تفصیل سے بیان کئے گئے ہیں‘ جن کا معلوم ہونا بہت ضروری ہے۔(۷) بعض مہینوں کے مخصوص عبادات جوصحیح احادیث سے ثابت ہیں ان کا بھی خیال رکھا گیا ہے۔(۸) طریقت وشریعت اورمعرفت کی تشریح ولایت کا مفہوم عوام کی غلط فہمیوں کاازالہ بدعات کی مختصرتردیدوتاریخ بیان کی گئی(۱۰) نصب امام اور جہادفی سبیل اللہ کے بھولے ہوئے سبق کو بھی یاددلانے کی کوشش کی گئی ہے۔آخرمیں عیدین کےخطبہ مع وعظ‘ خطبہ النکاح ودعاعقیقہ بھی درج کی گئی ہیں‘ تاکہ بوقت ضرورت تلاش کرنے کی ضرورت نہ پڑے وغیرہ۔